نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس کی بہتر پیداوار کیلئے سفارشات جاری کر دیں۔

لاہور:24جون2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کاشتکار واٹر سکاؤٹنگ باقاعدگی سے کریں اور پھول آنے پر پانی کی کمی ہر گز نہ آنے دیں۔ پانی کی ضرورت کو جانچنے کے بعد اگر فصل کو پانی کی کمی ہو تو ترجیحاً شام یا رات کے وقت پانی دیا جائے کیونکہ دن کے وقت شدید گرمی سے زمین میں موجود آکسیجن خارج ہوتی ہے اور پودے کی جڑوں کو سانس لینے میں دشواری ہوتی ہے۔ فصل کو ایک ہی دفعہ پانی دینے کی بجائے وقفہ وقفہ سے ہلکی آبپاشی کریں تاکہ جڑوں کو سانس اور خوراک لینے میں آسانی رہے۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ کپاس کے کھیتوں میں ارد گرد پائی جانے والی سفید مکھی، ملی بگ اور پتہ مروڑ وائرس کے میزبان پودوں کی تلفی یقینی بنائیں۔ فصل کا باقاعدگی سے معائنہ کرتے رہیں اور اگر کپاس کی فصل پر ضرر رساں کیڑوں کا حملہ نقصان کی معاشی حد سے زیادہ ہو تو محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی ماہرین کے مشورہ سے سپرے کریں۔ سپرے صبح یا شام کے وقت کریں اور ایک ہی قسم کی زرعی زہروں کا سپرے بار بار نہ کریں۔ کاشتکار سفید مکھی کے کنٹرول کیلئے کپاس کے کھیتوں میں بائیو کارڈز یا پیلے چپکنے والے کارڈز کا استعمال کریں

☆☆☆☆